# تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | تذکرۂ تابعین |
| مصنف | : | عبدالرحمٰن رافت پاشا |
| مترجم | : | ارشادالرحمٰن |
| ضخامت | : | 338 صفحات |
| قیمت | : | 130 روپے |
| ملنے کا پتہ | : | منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور |

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، یہ کتاب تابعین کے حالات پر مشتمل ہے۔ تابعی اس شخص کو کہتے ہیں جس نے رسول اللہ ﷺ کے کسی صحابیؓ کو حالتِ ایمان میں دیکھا ہو۔ اصحابِ رسولؐ کے بعد یہ لوگ اُمت میں افضل ترین ہیں۔ ان لوگوں نے اصحابِ رسولؐ سے فیض حاصل کیا اور وہ چہرے دیکھے جنہوں نے محبوبِ خدا ﷺ کا مبارک چہرہ دیکھا اور آپؐ کے دہنِ مقدس سے نکلے ہوئے الفاظ کو اپنے کانوں سے سنا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((طُوْبٰی لِمَنْ رَاٰنِیْ وَاٰمَنَ بِیْ وَطُوْبٰی لِمَنْ رَاٰی مَنْ رَاٰنِیْ))

''خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے مجھے دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھا''۔

تابعین کی تعداد تو لاکھوں سے متجاوز ہے اور وہ سبھی فضیلت مآب تھے، تاہم

© rasailojaraid